اور دیگر سیاسی امور پر حضرت مولانا مدظلہ سے سیر حاصل گفتگو فرمائی۔

ایم کیو ایم حقیقی، تحریک انصاف اور مسلم لیگ ہم خیال کے رہنماؤں کی دارالعلوم آمد

متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما جناب آفاق احمد نے ۱۶؍مارچ بروز جمعہ کو دارالعلوم تشریف لائے۔ جناب آفاق احمد صاحب طویل عرصہ قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرنے کے بعد مولانا مدظلہ سے خصوصی طور پر کراچی سے تشریف لائے تھے، اسی طرح اس سے قبل تحریک انصاف صوبہ خیبر پختونخوا کا 25 رکنی وفد بھی دارالعلوم حقانیہ مولانا مدظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لایا تھا۔ وفد کی قیادت جناب اسد قیصر صاحب نے فرمائی۔ یہ وفد خصوصی طور پر نئی سیاسی صف بندی اور دفاع پاکستان کونسل کی کامیاب تحریک پر مبارکباد دینے کے لئے جناب عمران خان صاحب نے بھیجا تھا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جناب عمران خان صاحب اپنے تمام پارٹی عہدہ داروں کے ہمراہ کچھ عرصہ قبل دارالعلوم تشریف لائے تھے اور مولانا مدظلہ سے مختلف امور پر تعاون مانگا تھا۔ اسی طرح پاکستان کے معروف سیاسی رہنما اور مسلم لیگ ہم خیال کے جناب سینٹر سلیم سیف اللہ صاحب بھی دارالعلوم مولانا مدظلہ سے ملنے کے لئے ۶ اپریل ۲۰۱۲ء کو تشریف لائے۔

حضرت مولانا قاری عمر علی صاحب کے بھائی کی وفات: دارالعلوم حقانیہ کے سابق شعبہ حفظ کے انچارج ومدرس حضرت مولانا قاری محمد عمر علی مدظلہ، مہتمم دارالعلوم تحسین القرآن کے بڑے بھائی حضرت مولانا فرید احمد گزشتہ دنوں پشاور میں انتقال فرماگئے۔ مرحوم انتہائی اعلیٰ صفات کی حامل شخصیت تھی، عمر بھر قرآن اور درس وتدریس کی خدمت میں مصروف رہے۔ آپ اپنے علاقے کی ایک معروف علمی وروحانی شخصیت تھے۔ ادارہ ان کی وفات پر حضرت قاری صاحب اور ان کے تمام خاندان کے ساتھ دلی تعزیت کرتا ہے۔ ان کی نماز جنازہ میں صوبہ بھر سے علماء ومشائخ اور خصوصاً دارالعلوم حقانیہ کے تمام اساتذہ ونائب مہتمم حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب وغیرہ نے شرکت فرمائی۔ اسی طرح دارالعلوم کے مخلص اور ہمدرد کارکن جناب احمد ضیاء صاحب کے والد صاحب بھی گزشتہ دنوں انتقال فرماگئے تھے، ادارہ ان تمام حضرات کے پسماندگان کے غم میں بھی برابر کا شریک ہے۔

دارالعلوم کے مخلص الحاج ظرافت سیر صاحب کو صدمہ: جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے رکن شوریٰ وحضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے دیرینہ مہربان جلوزئی کے الحاج ظرافت سیر صاحب کی اہلیہ محترمہ یکم اپریل بروز اتوار عارضہ قلب کی وجہ سے انتقال کرگئیں۔ مرحومہ انتہائی پاکباز اور نیک سیرت خاتون تھی، ان کے لئے رشتہ داروں کے بقول دل کا دورہ پڑنے کے باوجود بار بار پوچھتی رہی کہ اب میں وضو کس طرح کروں گی۔ دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم شیخ الحدیث مولانا سمیع الحق مدظلہ وجملہ اساتذہ وطلباء نے مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے ختم قرآن کا اہتمام کرکے مغفرت کی دعائیں کیں حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم جامعہ حقانیہ نے ایک وفد کی معیت میں حیات آباد جاکر ان کا نماز جنازہ پڑھایا۔ ادارہ اور جملہ رشتہ داروں کے ساتھ شریک تعزیت میں اور دعا گو ہیں کہ رب ذوالجلال مرحومہ کو جنت کے مدارج عالیہ نصیب فرمادیں۔